درد زہ شروع ہونے کے بعد ہسپتال کب جانا چاہیے

When to Come to Hospital in Labour

July 2022 Urdu

براہ مہربانی گھر سے نکلنے سے پہلے Birthing Service (شعبہ میٹرنٹی) یا اپنی مڈوائف سے رابطہ کریں۔
مڈوائف آپ کو بتائے گی کہ کیا کرنا ہے اور وہ آپ کے سوالات کا جواب دے گی۔

اگر یہ آپ کا پہلا بچہ ہے

اگر بچے کی پیدائش کی متوقع تاریخ قریب ہے (حمل کے 37 ہفتے یا اس سے زیادہ وقت گزر چکا ہے) تو آپ کو اس وقت ہسپتال پہنچنا چاہیے:

- جب آپ کے دردوں میں باقاعدگی آ جائے اور دردوں کی شدت بڑھنے لگے، دردوں کا درمیانی وقفہ کم ہونے لگے اور ایک بار درد شروع ہونے کے بعد ختم ہونے میں 60 سیکنڈ لگیں۔ اس انداز میں درد اٹھتے ہوئے کم از کم ایک گھنٹا گزر چکا ہو۔ اس مرحلے پر اکثر خواتین کے دردوں میں تین سے پانچ منٹ کا وقفہ ہو گا۔

یا

جب 'پانی جاری ہو جائے'۔ نچلے حصے سے پانی بہنا تب شروع ہوتا ہے جب بچے کے گرد پانی کی تھیلی پھٹتی ہے۔ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے رِس سکتا ہے یا ایکدم تیزی سے بہ سکتا ہے۔ جب پانی جاری ہو جائے تو پیڈ استعمال کرنا اچھا رہے گا۔ آپ کی مڈوائف آپ کے ہسپتال پہنچنے پر اس پانی کا رنگ اور بو چیک کرے گی۔

یا

- اگر تیز سرخ رنگ کا خون نکلے۔

اگر یہ آپ کا پہلا بچہ ہے اور آپ کے حمل کو 37 ہفتوں سے کم وقت ہوا ہے تو آپ کو پیدائش قریب ہونے کی کوئی بھی نشانی ظاہر ہونے پر ہسپتال سے رابطہ کرنا چاہیے جیسے درد ا ٹھنا، پانی جاری ہونا یا خون نکلنا۔

اگر آپ پہلے بھی ماں بن چکی ہیں

آپ کو بھی اوپر دیے گئے مشوروں پر ہی عمل کرنا چاہیے لیکن آپ کو ہسپتال تب پہنچنا چاہیے جب آپ کے دردوں میں پانچ سے سات منٹ کا وقفہ چل رہا ہو۔

اگر مجھے انگلش بولنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو؟

اگر آپ کو انگلش بولنے میں مشکل ہوتی ہے تو آپ کو پروفیشنل انٹرپریٹر (زبانی مترجم) مل سکتا ہے۔ آپ کے ساتھ کوئی رشتہ دار یا دوست موجود رہ سکتا ہے لیکن آپ کی دیکھ بھال کے متعلق سب باتیں پروفیشنل انٹرپریٹر کی مدد سے ہونی چاہئیں۔ **انٹرپریٹر سروس مفت اور رازدارانہ ہوتی ہے۔**

اگر آپ کو انٹرپریٹر کی پیشکش نہ کی جائے تو انٹرپریٹر مانگنا آپ کا حق ہے۔ عملہ آپ کے لیے انٹرپریٹر کا انتظام کرے گا۔

اگر آپ کو ہم سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس (TIS) کو فون کریں۔

Local Contact آپ کے علاقے میں رابطہ

Person’s name: نام:

Contact number: فون نمبر:

Produced by South Eastern Sydney Local Health District
Translations funded by the Multicultural Health Service

When to Come to Hospital in Labour, Youth & Family Services
301 Forbes Street, Darlinghurst, NSW 2010

اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی عملے سے کہیں یا 450 131 پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) کو فون کریں۔